© rasailojaraid.com



راقم السطور نے ایک مختصر مضمون جون ۱۹۷۶ء کے ماہنامۂ برہان" میں تفسیر کاشف الحقائق وقاموس الدقائق" سے متعلق پیش کیا تھا، اس مضمون میں کتاب کے مقدمہ کے بیان کے مطابق مصنف کا نام محمد بن احمد بن محمد الشریجی الکندی ثم التھانیسری ثم الگجراتی، ظاہر کیا تھا اور دوسرے مضمون نگار حضرات کو اس باب میں جو غلط فہمیاں تھیں ان کا ازالہ کیا تھا۔ اب ترغیب فی الصلوٰۃ سے متعلق ضروری معلومات فراہم کرنے کے سلسلہ میں کچھ ایسے قرائن وشواہد بعض تذکروں میں ملے ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ کتاب الترغیب فی الصلوٰۃ اور تفسیر کاشف الحقائق، دونوں ایک ہی مصنف کی مایۂ ناز تصنیفیں ہیں۔ انشاء اللہ العزیز آئندہ مضمون میں اس کی صراحت ماہنامہ برہان، میں پیش کی جائے گی۔


# تاریخ ردّہ

مؤلفہ ڈاکٹر خورشید احمد خاں فارق

خلیفۂ اول حضرت ابوبکر صدیقؓ کے عہد کی بغاوتوں اور فوجی سرگرمیوں کی مفصل ترین تاریخ ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات سے عربوں میں خلافت سے بغاوت کا ایک سیلاب آگیا اور ہر طرف سے عربوں نے زکوٰۃ روک لی یا مرتد ہوگئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے محصلِ زکوٰۃ اور معلم اپنے اپنے صدر مقاموں سے بھاگ آئے ان حالات وواقعات کا کس پامردی سے حضرت ابوبکرؓ نے بلا کسی جھجک اور خوف کے مقابلہ کیا وہ آپ ہی کا حق تھا۔ اس کتاب میں اسی بغاوت وسرکشی کی پوری تفصیل بیان کی گئی ہے اور بتایا گیا ہے کہ کس طرح حضرت ابوبکر نے اس بغاوت کو فرو کیا ہے

صفحات ۱۸۸ سائز ۲۰×۲۶/۸ قیمت -/۸ مجلد -/۱۲ روپئے


© rasailojaraid.com